سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# جماعت سے نماز پڑھنا

20 نومبر 2025ء



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): فکرِ مدینہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل جماعت سے نماز پڑھنا کے عنوان پر مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور سوتے وقت کی دعا یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم: جب تم رسولوں (علیہمُ السّلام) پر دُرُودِ پاک پڑھو تو مجھ پر بھی پڑھو، بے شک میں تمام جہانوں کے ربّ کا رسول ہوں۔ [1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## جماعت سے نماز پڑھنا

**نیک عمل نمبر 2 :** کیا آج آپ نے پانچوں نمازیں جماعت سے ادا کیں؟ [2]

### جماعت سے نماز پڑھنے کا مطلب

امام کی اقتدا یعنی پیروی میں نماز اَدا کرنے کو **جماعت سے نماز پڑھنا** کہتے ہیں۔

**وضاحت:** جماعت 2 طرح کی ہے: (1): جَماعتِ اُولیٰ: محلے کی مسجد جس کے لئے امام مقرر ہے، وہاں امام اذان و اقامت کے ساتھ سنت طریقہ کے مطابق جو جماعت کروائے وہ **جَماعتِ اُولیٰ** (پہلی جماعت) ہے۔ [3] (2): جَماعتِ ثَانِیَہ: جماعتِ اُولیٰ (پہلی جماعت) ہو جانے کے بعد جو جماعت کروائی جائے وہ **جَماعتِ ثَانِیَہ** (دوسری جماعت) ہے۔

1 ... جمع الجوامع، جلد: 1، صفحہ: 320، حدیث: 2354۔

2 ... 72 نیک اعمال، صفحہ: 1۔

3 ... بہارِ شریعت، جلد: 1، صفحہ: 697 ملخصاً۔

## آیتِ کریمہ

اللہ پاک فرماتا ہے:

وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ (پارہ:1، البقرہ،43)

**ترجَمۂ کنزُالعرفان :** اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رُکوع کرو۔

مفسرِ قرآن، مفتی احمد یار خان رحمۃُ اللہِ علیہ تفسیر نعیمی میں اس آیت کے تَحت فرماتے ہیں: یعنی نماز اپنے گھروں میں اکیلے ہی نہ پڑھ لیا کرو بلکہ پنجگانہ جماعت میں شامِل ہو کر نمازیوں کے ساتھ ادا کیا کرو تاکہ تم کو دین کی بَرَکتیں اور اَنْوار حاصِل ہوں۔[1]

## پانچ نمازوں کو جماعت سے ادا کرنے کی فضیلت

سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب وسینہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جس نے **فجر** کی نماز باجماعت پڑھی، پھر بیٹھ کر اللہ پاک کا ذِکْر کرتا رہا، یہاں تک کہ سُورج نکل آیا اس کے لئے جَنّتُ الفردوس میں 70 درجے ہوں گے، ہر 2 درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہو گا جتنا ایک سَدھایا ہوا (***Trained***) تیز رفتار عُمدہ نسل کا گھوڑا 70 سال میں طے کرتا ہے اور جس نے **ظہر** کی نماز باجماعت پڑھی اس کے لئے جَنّتِ عدن میں 50 درجے ہوں گے، ہر 2 درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہو گا جتنا ایک سدھای ہوا (***Trained***) تیز رفتار عمدہ نسل کا گھوڑا 50 سال میں طے کرتا ہے اور جس نے **عصر** کی نماز باجماعت پڑھی اس کے لئے اَوْلادِ اسماعیل میں سے ایسے 8 غُلام آزاد کرنے کا ثواب ہو گا جو بَیْتُ اللہ (یعنی کعبہ شریف) کی دیکھ بھال کرنے والے ہوں گے اور جس نے **مغرب** کی نماز باجماعت پڑھی اس کے لئے حجِ مَبْرُور (یعنی مقبول حج) اور مقبول عُمرے کا ثواب ہو گا اور جس نے **عشا** کی نماز باجماعت پڑھی اس کے لئے لَیْلَۃُ الْقَدْر میں قِیام (یعنی عِبَادت) کرنے کے برابر ثواب ہو گا۔[2]

---

1 ... تفسیر نعیمی، پارہ:1، البقرۃ، تحت الآیۃ:43، جلد:1، صفحہ:341۔

2 ... شعب الایمان، باب فی الصبر علی المصائب، جلد:7، صفحہ:137، حدیث:9761۔

## جماعت سے نماز پڑھنے کے متعلق مختلف اَحکام

(1):پانچوں وَقْت کی نماز مسجد میں جماعت سے (ادا کرنا) واجِب ہے۔[1] (2):مُدْرِک یعنی پوری جماعت پانے والا وہ ہے جو ساری رکعتیں امام کے ساتھ ادا کرے۔[2] (3):جو امام کے ساتھ تشہد میں شامل ہوا اس کو جماعت تو نہ ملی البتہ جماعت کا ثواب ملے گا۔ لیکن اس کو اتنا ثواب نہیں ملے گا جتنا پوری جماعت پانے والے کو ملتا ہے۔[3] (4):اگر امام کے ساتھ اہلِ محلہ کی جماعت ہوگئی اور کچھ لوگ رہ گئے تو اذان کہے بغیر، محراب سے ہٹ کر دوسری جماعت کرواسکتے ہیں۔[4] لہٰذا جنہیں پہلی جماعت نہ مل سکی، اگر جماعت قائم کر سکتے ہوں تو ترکِ جماعت نہ کریں۔[5] (5):اس اعتماد پر کہ ہم اپنی جماعت دوبارہ کر لیں گے، شرعی مَجْبُوری کے بغیر جماعتِ اُولیٰ جان بوجھ کر تَرْک کرنا گُناہ ہے۔[6] (6):ایسی جگہ جماعتِ ثانی یعنی دوسری جماعت ہرگز نہ قائم کی جائے جہاں فتنے و نفرت کی فضا قائم ہوتی ہو مثلاً: امام صاحِب یا دیگر نمازی یہ سمجھتے ہوئے اِعتِراض کرتے ہوں کہ جان بوجھ کر جماعتِ ثانیہ (دوسری جماعت) قائم کی جا رہی ہے۔[7]

## باجماعت نماز سے نیک بندوں کی محبت

❁ حضرت عبد اللہ بن عُمر رَضِیَ اللہُ عنہ کی (شَرْعِی مجبوری سے) کبھی جماعت نِکل جاتی تو اگلی نماز تک نفل پڑھتے رہتے۔[8] ❁ حضرت سعید بن عبد العزیز رحمۃُ اللہِ علیہ کی جماعَت نکل جاتی تو اپنی داڑھی پکڑ

---

1 ... فتاوی رضویہ، جلد:7، صفحہ:194۔
2 ... بحر الرائق، کتاب الصلاۃ، باب الامامۃ، جلد:1، صفحہ:623۔
3 ... بہارِ شریعت جلد:1، صفحہ:698، ملخصاً۔
4 ... فتاوی اہلسنت، فتویٰ نمبر:WAT-1604۔
5 ... فتاوی رضویہ، جلد:7، صفحہ:199 بتغیر قلیل۔
6 ... فتاوی رضویہ، جلد:7، صفحہ:199 ملتقطاً۔
7 ... فیضان نماز، صفحہ:173۔
8 ... الاصابۃ، رقم:4883، عبد اللہ بن عمر، جلد:4 صفحہ:151۔

کر روتے۔(1) ❁حضرت محمد بن سَماعہ رحمۃُ اللہِ علیہ کی 40 سال میں صِرف ایک مرتبہ تکبیرِ اُولیٰ فوت ہوئی۔(2) ❁تابعی بزرگ حضرت سعید بن مسیب رحمۃُ اللہِ علیہ کی 40 سال میں ایک بھی جماعت فوت نہ ہوئی۔(3) ❁حضرت اَعمش رحمۃُ اللہِ علیہ کی 70 سال میں کبھی تکبیرِ اُولیٰ فوت نہیں ہوئی ❁حضرت یحیٰ بن سعید قطّان رحمۃُ اللہِ علیہ کو جماعت کی تلاش میں کبھی نہیں دیکھا گیا(یعنی آپ کی جماعت فوت ہی نہ ہوتی) ❁حضرت سُوَیْد بن غَفَلَہ رحمۃُ اللہِ علیہ کی عُمر 126 سال تھی لیکن آپ جماعت سے نماز پڑھنے کے لئے مسجد تشریف لے جاتے۔(4) ❁اعلیٰ حضرت امامِ اہلسنت، امام احمد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ بچپن ہی سے نمازِ باجماعت کے پابند تھے، ایک مرتبہ پاؤں کا انگوٹھا پک گیا، ڈاکٹر نے حرکت کرنے اور مسجد جانے سے منع کیا، اِس کے باوُجود آپ رحمۃُ اللہِ علیہ نماز باجماعت ہی پڑھتے رہے، چار آدمی کرسی پر بِٹھا کر آپ رحمۃُ اللہِ علیہ کو مسجد لے جاتے۔(5) ❁بہارِ شریعت کے مُصَنِّف مفتی امجد علی اعظمی رحمۃُ اللہِ علیہ نمازِ باجماعت کے سختی سے پابند تھے، اگر کسی وقت مؤذِن وقت پر نہ پہنچتے تو اذان بھی خود دیتے۔(6) ❁مفسرِ قرآن، مفتی احمد یار خان رحمۃُ اللہِ علیہ کی 40، 50 سال تک مسلسل تکبیرِ اُولیٰ بھی فوت نہ ہوئی۔(7) ❁امیرِ اہلسنت، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادِری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ فرماتے ہیں: جماعت تَرک کر دینا میری لُغَت میں ہی نہیں، یہاں تک کہ جب میری والِدہ کا انتقال ہوا تو اس وَقت گھر میں دوسرا کوئی مرد نہ تھا مگر اَلحمدُلِلّٰہ! ماں کی میت گھر چھوڑ کر مسجد میں نماز پڑھانے کی سعادت پائی۔(8)

جماعت کی مولیٰ عنایت ہو اُلفت | کرم ہو پئے مصطفیٰ جانِ رحمت صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم

❶... تاریخ ابن عساکر، رقم:2514، سعید بن عبد العزیز... الخ، جلد:21 صفحہ:203۔
❷... فیضانِ نماز، صفحہ:143 ملخصًا۔
❸... فیضانِ نماز، صفحہ:496۔
❹... فیضانِ نماز، صفحہ:502- 504، ملتقطًا۔
❺... فیضانِ نماز، صفحہ:553، ملخصًا۔
❻... تذکرہ صدر الافاضل، صفحہ:31۔
❼... فیضانِ مفتی احمد یار خان نعیمی، صفحہ:29، بتغیر قلیل۔
❽... سنت نکاح، صفحہ:19۔

## نمازِ باجماعت پڑھنے کے فائدے اور ثوابات

❁ اللہ پاک باجماعت نماز پڑھنے والوں کو مَحْبُوب رکھتا (یعنی پسند فرماتا) ہے ❁ نمازِ باجماعت تَنہا (یعنی اکیلے) پڑھنے سے 27 درجے افضل ہے ❁ اللہ پاک اور اس کے فرشتے باجماعت نماز پڑھنے والوں پر درود بھیجتے ہیں ❁ باجماعت نماز پڑھنے والا پُلِ صراط سے بجلی کی مانند گزرے گا ❁ باجماعت نماز پڑھنے والوں کی شان و شوکت دیکھ کر اہلِ محشر رَشک کریں گے ❁ مسجد کی طرف جانے والے کے ہر قدم پر ایک درجہ بلند ہوتا اور ❁ ایک گُناہ مٹا دیا جاتا ہے ❁ اللہ کریم اس کے لئے صبح و شام جنّت میں مہمانی کا اہتمام فرمائے گا[1] ❁ اگر جماعت میں ایک کی نماز قُبول ہو گئی تو سب کی قُبول ہے۔[2] **باجماعت نماز پڑھنے میں دنیاوی فائدے :** ❁ جماعت کی بَرَکت سے قوم میں نظم وضبط (***Discipline***) رہتا ہے ❁ جماعت سے آپَس میں اِتفاق بڑھتا ہے ❁ قوم میں پابندیِ اوقات کی عادَت پڑتی ہے کہ سب لوگ عین وَقتِ جماعت پر پہنچتے ہیں۔

## جماعت سے نماز نہ پڑھنے کے نقصانات

❁ شَرعی مَجْبُوری کے بغیر ایک بار بھی جماعت چھوڑنے والا گُناہ گار ہے ❁ جماعت چھوڑنے والے پر شیطان غالِب آجاتا ہے اور اس پر اپنا قبضہ جما لیتا ہے (تجربہ سے مَعْلُوم ہے کہ جماعت نِکل جانے کی صُورت میں کچھ لوگ ٹال مٹول کرنے لگتے ہیں، نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مَعاذَ اللہ! کبھی ان کی نماز ہی قضا ہو جاتی ہے) ❁ جو تکبیر (یعنی اِقَامت) سُن کر جماعت کے لئے حاضِر نہ ہو، حدیثِ پاک میں اسے بدبخت، نامُراد، ظالِم، اَظْلَم (بہت بڑا ظالِم) اور منافِق فرمایا گیا ہے۔[3] ❁ تنہا نماز پڑھنے والا، باجماعت نماز پڑھنے والے کا درجہ نہیں پا سکتا خواہ ایک نماز کو 27 مرتبہ ہی کیوں نا پڑھ لے۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر:2 **جماعت سے نماز پڑھنے** کے عنوان پر مفید ترین

---

1 ... فیضانِ نماز، صفحہ:139۔
2 ... رسائلِ نعیمیہ، اسرار الاحکام، صفحہ:288۔
3 ... فتاوٰی رضویہ، جلد:7، صفحہ:102 ملتقطاً۔

معلومات حاصل کیں، آیئے! نیت کرتے ہیں: اس نیک عمل کو اپناتے ہوئے، **پانچوں نمازیں جماعت سے ادا کریں گے** تو آج ہی **مکتبۃ المدینہ** سے ❊.. **نیک اعمال** کا رسالہ حاصل کیجئے یا موبائل میں ❊.. Naik Amal ایپلی کیشن انسٹال کر لیجئے اور روزانہ اپنا جائزہ لیتے ہوئے اس کے خانے پُر کرنے کی نیت کیجئے۔

**نوٹ:** نمازِ باجماعت کے فضائل اور اس بارے میں تفصیلی اَحْکام جاننے کے لئے شیخِ طریقت امیرِ اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادِری رضوی دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ کی کتاب ❊... **فیضانِ نماز** صفحہ 137 تا 230 اور ❊... **بہارِ شریعت** جلد اوّل، صفحہ 574 تا 594 پڑھئے۔

## سیکھنے سکھانے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دُعا

### سوتے وَقْت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا

**ترجمہ:** اے اللہ! میں تیرے نام کے ساتھ ہی مرتا اور جیتا ہوں (یعنی سوتا اور جاگتا ہوں)۔(1)

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُوْرَۃُ المُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُوْرَۃُ الِاخلاص پڑھی؟ (6): کنزُالایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟

---

1 ... بخاری، کتاب الدعوات، صفحہ: 1560، حدیث: 6314، ومدنی پنج سورہ، صفحہ: 203۔

(18):مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟(19):عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟(20):2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟(21):فجر کے لئے جگایا؟(22):دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟(23):گھر درس ہوا؟(24):مسجد درس دیا یا سُنا؟(25):سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟(26):زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟(27):ایک مشت داڑھی ہے؟(28):گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟(29):سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟(30):مسلمانوں کو سلام کیا؟(31):کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32):ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33):تہجّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟(34):اَوّابِین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟(35):عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟(36):12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38):جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسْرَاف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51):تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعتِکاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟